


# ٹونی الامو مسیحی چرچز

## عالمی خبرنامہ

نیا یروشلم — تمام دنیا میں موجود گرجا گھر

پاسٹر ٹونی الامو — شمارہ ۰۶۰۰۰


# سوکھی ہڈیاں


مصنف
**ٹونی الامو**




پاسٹر ٹونی الامو – فوٹو ۱۹۸۶

`خدا نے، پرانے عہد نامے کے نبی، حزقی ایل، کو خواب بیداری میں اک منظر دکھایا۔ انھوں نے دیکھا کہ ایک میدان ہے جہاں سوکھی ہڈیاں بکھری پڑی ہیں، یہ منظر اسرائیل اور تمام عالم کی روحانی موت کا آئینہ دار تھا۔ اس خواب بیداری میں حضرت یسوع مسیح کی پہلی آمد، اور انجیل مقدس کی تبلیغ کے نتیجے میں، "کلام ربانی" میں یقین رکھنے والے تمام لوگوں کے لئے نجات اور موت کے بعد حیات جاودانی کی پیش گوئیاں کر دی گئی ہیں۔[1]

خدا نے حزقی ایل سے کہا، "او ابن آدم، کیا یہ ہڈیاں زندہ ہو سکتی ہیں؟" (کیا روحانی طور پر مردہ زندہ ہو سکتے ہیں؟) حزقی ایل نے کہا، "آقا، تُو نے انہیں تخلیق کیا ہے تو تُو ہی بہتر جانتا ہے۔"[2] خدا نے نبی سے پھر کلام کیا، "ان ہڈیوں سے متعلق پیش گوئی سنو اور ان سے کہو، او خشک ہڈیو، اپنے آقا کا کلام سنو۔" پھر خدا نے ان ہڈیوں سے کہا؛ "دیکھو، میں تم میں روح پھونکوں گا اور تم زندہ ہو اٹھو گی۔"[3]

اسرائیل کو خوب معلوم تھا کہ ایک قوم کی حیثیت سے ختم ہو چکا ہے۔[4] آج تک وہ مایوسانہ طور پر بٹے ہوئے ہیں۔ لیکن خدا نے حزقی ایل سے کہا کہ وہ ایک دوسری قوم برپا کرے گا جو سابقہ اسرائیل کے مقابلے میں

(صفحہ ۲ پر جاری)

**۱** حزقی ایل ۳۶:۱، ۴ **۲** حزقی ایل ۳۷:۳ (عبرانی بائبل) **۳** حزقی ایل ۳۷:۴-۵ (ایرامک بائبل) **۴** حزقی ایل ۳۷:۱۱

## ملاوی

عزیزم پاسٹر ٹونی الامو،

آپکو سلام پہنچے، خداوند تعالیٰ، ہمارے باپ، اور ہمارے رب یسوح مسیح کے فضل سے آپ پر رحمت اورامن میں کئی گنا اضافہ ہو۔ باپ نے ہم پر بےاندازہ محبت نثار کی ہے کہ ہم خود کو اسکے بچے کہلائیں (۱ یوحنا ۳:۱)۔ پاسٹر، آپ نے جو مواد بھیجا ہے اسکے لئے میں آپکا شکریہ ادا کرنا چاہوں گا۔ ہمارے رب یسوع مسیح کا خدا اپنی لامتناہی امارت سے آپکو بے شمار برکت سے نوازے۔ میں اور میری بیوی تیموہ مسیحی مطبوعات اور خبری مراسلے تقسیم کرنے میں مصروف ہیں۔ میں نے ایک چھوٹا سا دفتر کھول لیا ہے اور بہت سے لوگ آپکی مطبوعات حاصل

(صفحہ ۲ پر جاری)

یہ پاسٹر الامو کی کتاب "مسیحا" (The Messiah) کے سلسلے کی چوبیسویں کڑی ہے جو ہر اشاعت میں جاری رہے گی جبتک کہ پوری کتاب خبرنامے میں شایع نہ ہو جائے۔

**اشاعت کی دنیا کا ایک عظیم معجزہ:**

# "مسیحا"

## بائبل کی پیش گوئیوں کے مطابق

**"تمام انبیاء جس (مسیح) کے بارے میں گواہی دیتے ہیں" (اعمال ۱۰:۴۳)۔**
**"جیسا کہ کتاب مقدس میں یہ میرے بارے میں لکھا ہوا ہے" (زبور ۴۰:۷، عبرانیوں ۱۰:۷)۔**

**(ب) یسعیاہ ۵۳ (جاری)**

**(۹) مسیح کی انسانیت کے لئے تکلیفات (یسعیاہ ۵۳:۴-۶، ۸، ۱۰-۱۲):**

"یقینا! اس نے ہماری بیماریاں برداشت کیں اور ہمارے غم اٹھائے۔۔۔ وہ ہماری خطاؤں کے سبب سے گھائل کیا گیا، اور ہماری بداعمالی کے باعث کچلا گیا: جو سزا ہماری سلامتی کا باعث ہوئی، وہ اس نے اٹھائی، اور اس کے کوڑے کھانے سے ہم شفایاب

(صفحہ ۴ پر جاری)

## گھانا

عزیزی پاسٹر،

میں آپکو گھانا سے آداب و سلام بھیج رہا ہوں۔ میں آپکو یہ بتانے کے لئے بڑا بیچین ہوں کہ میں نے آپکی اشاعت جسکا عنوان "مسیحا" ہے کو پڑھنے کے بعد، آخرکار یسوع مسیح کو اپنے ذاتی نجات دہندہ کے طور پر قبول کرلیا ہے اور یہ کہ وہ آیا اور صلیب پر اپنی جان دی۔ اس سے پہلے میں ایسی دنیا میں تھا جہاں خدا کو نہیں جانتا تھا، نہ ہی مجھے اسکے بیٹے، مسیح، کا علم تھا لیکن آپکی اشاعت پڑھنے کے بعد، اب مجھے پتا چلا ہے کہ میں کھویا ہوا تھا مگر اب مسیح نے مجھ کو پا لیا ہے، میں اندھیرے میں تھا مگر رب مجھے روشنی میں لے آیا ہے۔ یوں میں نے دوبارہ بطور مسیحی اور زندہ و جاوید خدا کے بیٹے کے طور پر جنم لیا ہے۔ فی الحال، میرے پاس کوئی بائبل نہیں، اور اگر ممکن ہو تو مجھے ایک عدد ارسال کریں اور اپنی مطبوعہ کتاب "مسیحا" (The Messiah) بھی۔ اگر آپ مجھے کوئی سی دوسری کتابیں، جو مجھے خدا کو بہتر طور پر جاننے میں مدد دے سکیں، بھیجیں گے تو میں اسکو بڑی قدر کی نگاہ سے دیکھوں گا۔ میں اب کوفوریدوا میں بائبل کی تعلیمات کے مطابق زندگی گزارنے والے چرچ جاتا ہوں۔ اس اچھے کام کے لئے جو آپ کر رہے ہیں خدا آپکو بے شمار برکت عطا فرمائے۔

آپکا وفادار،
ڈی۔ ایف۔ — کوفوریدوا، گھانا

اس اشاعت میں تمام خطوط نئے ہیں۔ ۲۰۰۳ سے ۲۰۰۵ تک

# سوکھی ہڈیاں

(صفحہ ۱ سے جاری)

کہیں بڑی ہوگی کیونکہ سابقہ اسرائیل گناہوں کے ارتکاب سے باز نہیں آئے گا۔ دوسرا اسرائیل دنیا کے تمام ملکوں سے آئے ہوئے لوگوں پر مشتمل ہوگا،[۵] یہ کچھ یہودی اور بہت بڑی تعداد میں دوسرے لوگوں کی قوم ہوگی، جو کہ یسوع مسیح کے ساتھ متحد ہوگی۔[۶] یہ ان لوگوں کی ایک عظیم اور مقدس قوم ہوگی جنہیں گناہوں کی افسردہ زندگی کے بدلے حیات جاوداں کی بشارت دی گئی ہوگی۔[۷] وہ خدا کے خلاف کبھی منقسم نہ ہوں گے۔ یہ پہلا موقعہ تھا کہ روحانی طور پر مردہ لوگوں کو یسوع مسیح کی زندگی دینے کی طاقت کے ذریعے زندہ کیا گیا تھا۔[۸]

۱۹۶۴ میں، یسوع ' مسیح کے ذریعے میری حیات نو سے قبل، میں، برنی ھافمین عرف ٹونی الامو گناہوں اور ملحدانہ زندگی کے لئے مشہور تھا اور خدا کے علم و عرفان سے یکسر بےگانہ تھا۔ میں خدا کے وجود سے منکر تھا۔ خدا کا کلام میرے لئے کہانی قصے اور خیالی افسانے کا درجہ رکھتا تھا اور میں نہیں سمجھ پاتا تھا کہ لوگ آخر کیوں خدا یا اس کے بیٹے پر یقین رکھتے ہیں۔ مجھے ان لوگوں پر یقین نہ آتا تھا جو خدا پر اپنے یقین و اعتقاد کا اظہار کرتے تھے کیونکہ وہ لوگ منافق تھے۔ انھوں نے میرے برابر یا مجھ سے زیادہ گناہ کئے تھے۔ میں ایسا جانتا تھا کیونکہ میں انہیں کے درمیان رہا کرتا تھا۔ ہم سب خشک مردہ ہڈیوں کے ڈھیر تھے۔ مجھے اس وقت غصہ آجاتا جب کوئی مجھے مسیحت کی طرف راغب کرنے کی کوشش کرتا کیونکہ میرے نزدیک بائبل وقت کا ضیاع تھا۔ جو زندگی میں گزار رہا تھا، اس میں پریوں کی کہانیوں اور کھیلوں کے لئے کوئی وقت نہ تھا۔

مارکٹنگ انڈسٹری میں، مجھے اول مقام حاصل تھا۔ میری ذمہ داری میں کئی شہرۂ آفاق گلوکاروں اور اداکاروں کے کامیاب کیریر تھے اور کئی مشہور و معروف گھریلو مصنوعات کی کامیاب ترقی و ترویج میری مرہون منت تھیں۔ میرا بھیانک ترین خواب تھا کہ میں مسیحی بن چکا ہوں، یسوع مسیح کے بارے میں کتابچے سڑک کے کنارے پہ بانٹ رہا ہوں، مقدس کتاب بائبل کی تبلیغ کر رہا ہوں، ایک پناہ گاہ کو چلانے میں اور بھوکے لوگوں میں کھانا تقسیم کرنے میں مدد کر رہا ہوں۔

۱۹۶۰ کی دہائی کے وسط میں، مجھے دنیا اتنی پرکشش نہیں لگ رہی تھی۔ میں نہ تو منشیات کو پسند کرتا تھا نہ ایسے لوگوں کو جو اخلاقی طور پر بے غیرت ہونے کے علاوہ غلیظ بھی ہوں۔ ہپی تحریک ہالی ووڈ، سن سٹ بلیوارڈ اور پوری دنیا میں جو حرکتیں کر رہی تھی، اس سے میں نفرت کرتا تھا۔ جہاں تک میرا تعلق ہے، میں بھی ولی نہ تھا۔ جب تک کوئی بچوں والے خاندانوں کے سامنے خود نمائی سے کام نہ لے میں درحقیقت اس بات کی پرواہ نہ کرتا تھا کہ وہ گناہوں میں کس قدر غرقاب ہے۔ میرے لئے تو دنیا مردہ، خشک، مکروہ اور مایوس کن تھی۔[۹] اب کسی شے کی قدر و منزلت باقی نہ رہ گئی تھی۔ میں سمجھتا ہوں دوسرے لوگوں کو بھی اس کا احساس اسی قدر تھا جتنا مجھے تھا۔ یہی وجہ ہے کہ وہ حقیقت سے دامن بچانے کے لئے منشیات کا سہارا لیتے تھے۔ کلیسا ریاکاری میں ملوث تھی، اور اس حقیقت سے ہر شخص واقف تھا۔ پوری دنیا لوگوں کے گناہوں کے باعث روحانی طور پر مردہ ہو چکی تھی۔[۱۰] دنیا خشک ہڈیوں کی ایک وسیع و عریض میدان تھی، ایسا میدان جس کا مشاہدہ حزقی ایل نے خواب بیداری میں کیا تھا۔[۱۱]

یسوع مسیح سے میری پہلی ملاقات بیورلی ہلز میں ایک وکیل کے دفتر میں انتہائی مافوق الفطرت طور پر ہوئی۔ کوئی شخص اندازہ نہیں کر سکتا کہ میں بے حد خوف زدہ ہونے کے باوجود کس قدر خوش تھا جب خدا نے مجھ پر یہ ثابت کر دیا کہ وہ اور اس کا بیٹا حقیقی معنوں میں وجود رکھتے ہیں۔ خدا کے مقدس وجود کے احساس سے میں سرشار ہو گیا اور اس کی طاقت ور آواز میرے جسم کے رگ و پے میں اس طرح اترتی چلی گئی جیسے میں کوئی شفاف جالی ہوں اور الفاظ میرے جسم و روح میں ہر سو اترتے چلے گئے ہوں۔ اس کا وجود تاباں و درخشاں اور حرارت سے بھرپور تھا۔ میرے جسم و جاں پر اس کی روح کا وزن اس قدر تھا جیسے وہ خدا کے ہاتھوں کی شدید پکڑ میں ہو۔ اس نے مجھ سے کلام کیا "اپنے پیروں پر کھڑا ہو جا اور اس آفس میں موجود لوگوں کو آقا یسوع مسیح کے بارے میں بتا، اور یہ بتا کہ

**۵** پیدائش ۱۷:۴-۱۶ ، ۱۸:۲۲، ۲۶:۴، ۴۶:۳، ۴۸:۱۹، ۴۹:۱۰، خروج ۱۹:۶، ۳۲:۱۰، ۱ پطرس ۲:۹-۱۰، یوحنا ۱۱:۵۱-۵۲، اعمال ۱۰:۳۴-۳۵، افسیون ۱:۱۰، مکاشفہ ۵:۹، ۱۴:۶، عبرانیوں ۸:۸-۱۲، زبور ۲۲:۲۷، یسعیاہ ۲:۲ اور بہت سے دوسرے **۶** یوحنا ۱۵:۱، رومیوں ۱۱:۱۷، ۱۹، ۲۳، ۲۴، مکاشفہ ۷:۴ **۷** ۱ پطرس ۲:۹
**۸** مکاشفہ ۲۰:۵-۶، کلسیوں ۲:۱۲، ۳:۱، رومیوں ۱۵:۱۲، ۱ کرنتھیوں ۱۵:۱۵، ۱۶، ۱ تھسلنیکیوں ۴:۱۶

**۹** متی ۱۳:۳۹، باب ۲۴، ۱ کرنتھیوں ۱۵:۲۴، عبرانیوں ۹:۲۶، ۱ پطرس ۴:۷ **۱۰** افسیون ۲:۱، ۵، کلسیون ۲:۱۳ **۱۱** حزقی ایل ۳۷:۱

## کیلیفورنیا

عزیزی پاسٹر الامو،

روح مقدس کی طاقت کے ساتھ اور جنگ کے پورے کل پرزوں، خدا کے دئے ہوئے روحانی ہتھیاروں سے لیس میں یہ خط لکھ رہا ہوں (افسیوں ۶:۱۰-۱۷)۔ حال میں ہی، روحانی ترقی اور خدا کی فوج میں ایک بھائی کی صحبت کی وساطت سے، بائبل کے کچھ حقائق اور راز روح اقدس کے ذریعہ ظاہر ہوئے ہیں۔ میں جانتا ہوں کہ اب خدا اپنے چنے ہوئوں کو تیار کررہا ہے جب میں آپکی اشاعت کے ایک صفحہ تک پہنچا۔ مجھے کہنا پڑتا ہے کہ خدا نے آپکی مطبوعہ کتاب کو ایک ایسے نازک موقع پر مجھ تک پہنچایا جب مجھے چند حقائق کو جاننے کی اشد ضرورت تھی۔ میں آپکی کوششوں سے بہت متاثر ہوا ہوں۔ آپ ایک ایسی حقیقی سچائی پیش کر رہے ہیں، جو شکر میں لپٹی ہوئی نہیں، اور جو بائبل کی تمام پیش گوئیوں سے مجھے روسناش کرا رہی ہے۔ ازراہ کرم مجھے اپنے ارکان کی فہرست میں شامل کرلیجئیے اور مجھے اپنی ڈاک کی فہرست میں جگہ دیں تاکہ میں روح الاقدس میں، خدا کی راستبازی کی تلوار سے لیس ترقی کرسکوں۔ میں ریاستی جیل میں ہوں، اسلئے ازراہ کرم کوئی سخت جلد والی کتاب نہ بھیجیں۔ میں کوئی عطیہ دینے کے قابل نہیں ہوں لیکن میری دعائیں ایک طاقتور چرچ کی نشونما کیلئے آپکے ساتھ ہیں۔

مخلصانہ آپکا،

بی۔ ایل۔ کورکوران، کیلیفورنیا

## ملاوی

(صفحہ ۱ سے جاری)

کرنے کے لئے آرہے ہیں۔ بہت سے توبہ کررہے ہیں اور بپتسمہ لے رہے ہیں۔ یہ چھوٹا سا دفتر اسکول کے طلباء اور دوسرے چرچوں کے لوگوں کی وجہ سے بہت مصروف رہتا ہے۔ وہ سوالات پوچھنے کے لئے آتے ہیں اور پھر اپنے گناہوں سے توبہ کرتے ہیں ، اسلئے ٹونی براہ مہربانی مجھے ہر قسم کی بہت سی مسیحی مطبوعات ارسال کریں۔ اپنے بہت سے خبری مراسلے اور "مسیحا" (The Messiah) کے عنوان کی اپنی کتاب کی بہت سی کاپیاں بھی بھیجیں۔ ہزاروں لوگ یوں چلے آرہے ہیں جیسے میں ان میں بہت سے پیسے بانٹ رہا ہوں حالانکہ یہ خدا کا کلام ہے۔ میں دریا میں لوگوں کو بپتسمہ دینے میں مصروف ہوں۔ کچھ لوگوں کے لئے، جو اپنے گناہوں سے توبہ کر چکے ہیں، مجھے کچھ بائبل بھیج دیجئے۔ اگر ممکن ہو تو $۱۰۰ سے کرسیوں کے لئے میری مدد فرمائیں۔ میں زامبیا آپکی مطبوعات کے بارے میں وعظ کرنے گیا اور لوگوں نے مسیح کو قبول کیا اور دریائے ویمبا میں بپتسمہ لیا۔ آپکی مطبوعات مچھلیوں کے جالوں کی طرح ہیں۔ آپ اور آپ کے معاونوں پر جو آپکے ساتھ خدا کی خدمات میں مصروف ہیں، خدا کی بہت رحمت ہو۔

پاسٹر این۔ کے۔ رمفی، ملاوی



ٹونی الاموکرسچن چرچ کے مددگار پاسٹر ایم – سی، پاسٹر ٹونی الاموکے خبرنامے تقسیم کر رہے ہیں – مملکت جمہوریہ کانگو

وہ اس دنیا میں دوبارہ آرہا ہے، وگرنہ تیری ہلاکت یقینی ہے۔" جب اس کی روح دفتر میں آئی اور اس نے میرے وجود کا احاطہ کیا تو مجھے اس کی ناقابل بیان اور ناقابل یقین ذہانت کا ادراک ہوا۔[12] وہ مثل جوہر (ایٹم) تھا۔ وہ مثل سالمہ تھا۔ وہ ہوا تھا۔ اسے ماضی اور مستقبل کی تمام چیزوں کا علم تھا۔[13] میں یہ جان کر بہت شرمندہ تھا کہ میں جو کچھ بھی کرتا رہا ہوں وہ سب اسکے علم میں ہے اور وہ باخبر ہے۔ پھر اس نے مجھے دکھایا کہ جنت اور جہنم دونوں کا وجود یقینی ہے۔ میں نے جان لیا کہ اس کا کہنا نہ ماننے کی صورت میں، میرا ٹھکانہ کہاں ہوگا۔۔۔ یہ جنت تو ہرگز نہ ہوگی۔

حالانکہ یہ میرے لئے ڈراؤنا تھا[14] لیکن یہ جان لینا حیرت انگیز بھی تھا کہ خدا ایک حقیقت ہے۔ وہ زندۂ جاوید ہے اور نبیوں اور رسولوں نے اس کے وجود کے بارے میں جو کہا وہ حرف بہ حرف سچ ہے۔ وہ بالکل نہیں بدلا، اس وقت سے جب اس نے زمین و آسمان اور ما فیہا کو تخلیق کیا۔[15] میں فورا سمجھ گیا کہ میں ہمیشہ اس سے ڈروں گا، اس کی حمد و ثنا کروں گا، اس سے محبت کروں گا، اس کی تعظیم اور خدمت کروں گا۔ میں نے جان لیا کہ میں اس کے لئے جینے اور مرنے اور عقوبت کا آرزومند ہوں اور یہ کام بے حد خوشی سے اور تمام تر مسرتوں کے ساتھ کروں گا۔[16]

جب خدا نے مجھے اپنی گرفت سے آزاد کر دیا اور مجھے دفتر چھوڑنے کی اجازت مل گئی تو میں اس سے پوچھنے لگا، "میں کیا کروں اس بارے میں تیری مرضی کیا ہے؟ میں وہ ہر کام کروں گا جس کا تو حکم دے گا۔" میں نے کوئی جواب نہیں پایا، اس لئے میں نے سوچا کہ وہ چاہتا ہے کہ میں چرچ جاؤں۔ میں نے سوچا کہ سب سے بڑا چرچ سب سے بہتر ہوگا۔ چنانچہ میں وہاں گیا لیکن وہ نہ ملا۔ پھر میں دوسرے چرچوں میں گیا لیکن وہ وہاں بھی نہ تھا۔ پھر میں نے ایسی کتابیں پڑھیں جن کے سرورق پر ایسے لوگوں کی تصویریں تھیں جو صورت سے عقلمند اور خدا کے نیک بندے دکھائی پڑتے تھے۔ وہ لمبی داڑھیوں والے اور مذہبی پوشاکوں میں ملبوس تھے لیکن مجھے معلوم ہوا کہ وہ کتابیں غلط تھیں کیوں کہ ان میں کہا گیا تھا کہ خدا سے ڈرنے کی ضرورت نہیں ہے،[17] اور یہ کہ خدا لوگوں کو دھمکیاں نہیں دیتا اور یہ کہ تم گناہ بھی کرو تو جہنم میں نہیں جاؤگے۔[18] میں اس طرح کے خدا سے پریشان نہ تھا۔ مجھے تو ایسے خدا کی تلاش تھی جس نے مجھے ڈرایا[19] تھا، جس نے جنت اور جہنم دکھایا تھا، جس نے مجھے مجبور کیا اور مجھ سے وہ کام کرایا جو کوئی اور مجھ سے نیں کروا سکتا تھا یعنی یسوع ' مسیح کے بارے میں لوگوں کو بتاؤں۔

میں نے کبھی یہ نہ سوچا تھا کہ سچائی بائبل میں مل سکتی ہے کیونکہ بائبل کے بے شمار نسخے ارد گرد ہر جگہ موجود ہیں۔ میرا خیال تھا کہ وہ چیز جسے عوام الناس اتنے شوق سے پڑھتے ہوں، وہ اچھی نہیں ہوتی کیونکہ مجھے یہ یقین تھا کہ عام لوگ بے قوف ہوتے ہیں۔ بالآخر میں نے بائبل کا مطالعہ شروع کر دیا اور میں نے اس میں نجات کا راستہ اور دوامی زندگی کے لئے ہدایات پائیں جنھوں نے مجھے بتایا کہ مسیح سے وابستگی میں کس طرح اضافہ کروں اور کس طرح بہت سی بھٹکی ہوئی روحوں کو مسیح کے ذریعے نجات کی راہ دکھاوں۔[20]

جب میں نے پہلی بار بائبل کا مطالعہ شروع کیا

(صفحہ ۷ پر جاری)

**۱۲** ۱ سموئیل ۲:۳، گنتی ۲۴:۱۶، ۱ کرنتھیوں ۱:۲۵، ۲:۱۶، ۳:۱۹، زبور ۳۲:۸، ایوب ۲۱:۲۲، امثال ۲:۶، ۳:۲۰، ۹:۱۰، لوقا ۱:۷۷، رومیوں ۱۱:۳۳، ۲ کرنتھیوں ۴:۶ **۱۳** زبور ۴۴:۲۱، ۱ یوحنا ۳:۲۰، ۱ کرنتھیوں ۳:۲۰، زبور ۹۴:۱۱، یسعیاہ ۴۶:۹-۱۰، مکاشفہ ۲۱:۶، ۲۲:۱۳ **۱۴** ۲ کرنتھیوں ۵:۱۱، پیدائش ۳۵:۵، یرمیاہ ۳۲:۲۱، ایوب ۳۱:۲۳، احبار ۲۶:۱۶، حزقی ایل ۳۲:۳۲

**۱۵** ملاکی ۳:۶، عبرانیوں ۱۳:۸، پیدائش ۱:۱، اعمال ۴:۲۴ **۱۶** زبور ۵:۱۱، ۳۵:۱۹، یوحنا ۱۶:۳۳، رومیوں ۱۲:۸، ۱۵:۱۳، اعمال ۲:۲۸، ۲۰:۲۴، یسعیاہ ۵۱:۱۱، ۶۱:۱۰، ۲ کرنتھیوں ۸:۱۲ **۱۷** پیدائش ۲۲:۱۲، زبور ۱۱۲:۱، امثال ۱۳:۱۳، ۱۴:۱۶، ۲۸:۱۴، ۳۱:۳۰، واعظ ۷:۱۸ **۱۸** امثال ۸:۳۶، حزقی ایل ۱۸:۲، ۴، مکاشفہ ۱۹:۲۰، ۲۰:۱۰، ۱۴، ۱۵، ۲۱:۸ **۱۹** پیدائش ۲:۱۷، ۶:۷، ۹، ۱۳، خروج ۲۰:۵، ۳۴:۷، ۳۲:۳۳، متی ۸:۱۲، ۲۲:۱۳، مکاشفہ ۲۰:۱۵، ۲:۵، ۱۶، ۲۲-۲۳، ۳:۳، مرقس ۱۶:۱۶، حزقی ایل ۳:۱۸، ۱۸:۲۰ **۲۰** یوحنا ۴:۳۵-۳۶، ۱۵:۵، ۸، ۱۵-۱۶، مکاشفہ ۱۴:۱۸

## زامبیا

عزیزم پاسٹر ٹونی الامو،

میری پرمسرت اور مخلصانہ سلام و آداب ہمارے رب یسوع مسیح کے نام پر۔ میں خدا کا شکرگذار ہوں آپکی زندگی کیلئے اور اس طریقہ کار کیلئے کہ اس نے بہترین طور پر کلام کو پھیلانے کا منصوبہ اسطرح بنایا کہ یہ کلام دنیا کے ہر کونے میں پہنچ سکے تاکہ زندگیوں کو بچایا جاسکے۔ پاسٹر الامو، جناب والا، اپنے ہمکار کی مدد سے بری باتوں سے محفوظ ہونے سے پہلے میں ایک کافر تھا، اور جب میں نے آپکا پیغام خبر نامہ میں پڑھا تو اسنے میرے دل کو سیدھا کردیا اور مجھے یقین ہے کہ خدا میری زندگی بدل رہا ہے۔ میں جلد ہی سمجھ گیا کہ خدا ہمیں اپنی پارسائی ذہن نشین کرانا چاہتا ہے۔ پاسٹر الامو میں اپنے اور اپنے دوست کیلئے قادر مطلق خدا کا کلام پڑھنے کیلئے انگریزی زبان میں ایک یا دو عدد بائبل کی درخواست کرتا ہوں ہمارے رب کی رحمت آپکے اور آپکی روح کے ساتھ رہے۔ میں آپکا مہربانی اور فکر انگیز افراد کے لئے شکریہ ادا کرتا ہوں جو درخواستوں کا جواب دیتے ہیں۔

شکریہ۔

جی۔ این۔ کیٹوے، زامبیا



الامو چرچ آن لائن

www.alamoministries.com




پرادر ٹی۔ آر۔ پاسٹر الاموکی روحوں کو جیتنے والی کتاب "مسیحا" (The Messiah) کو تقسیم کر رہے ہیں – راجہ مندری، بھارت

## بھارت

ہمارے پیارے محبوب اور روحانیت سے مالامال بھائی اور رہبر، پاسٹر ٹونی الامو،

تسلیمات و آداب بجانب بھارتی برادران ٹونی الامو چرچ بھارت۔ میں بہت خوش اور ممنون ہوا جب مقدس بائبل اور دوسری مطبوعات جن میں "مسیحا" (The Messiah) بھی شامل ہے مجھے ملے۔ دینداری کے ساتھ میں اور میرے مسیحی بھائی نجات کا سچا منصوبہ دوسروں میں جو انگریزی جانتے ہیں تقسیم کر رہے ہیں اور ان لوگوں کے لئے جو انگریزی زبان نہیں جانتے اور دیہی علاقوں میں رہتے ہیں اس یکتا مطبوعات کو اپنی مادری زبان میں ترجمہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں بے شمار لوگ، بس اور کار ڈرائیورز، ہائی اسکول، میڈیکل اور انجینیرنگ کے طلباء اور مزدور اور فیکٹریوں کے ملازمین، اساتذہ، اور وہ سب جنھوں نے یہ مطبوعات بہت شوق سے وصول کیں نجات کے اس سچے منصوبے سے مستفید ہو رہے ہیں۔ آپکی مطبوعات کے ذریعہ ہمارے شہر میں بہت سے لوگوں نے یسوع مسیح کو اپنے ذاتی نجات دہندہ کے طور پر قبول کر لیا ہے۔ ازراہ کرم ہمارے چرچ کو اپنی دعاؤں میں یاد فرمائیں۔

عزت و احترام کے ساتھ، آپکا ساتھی مسیحی کارکن۔

آپکا وفادار،

پاسٹر این۔ ٹی۔ رامپاچوداوارام

مینڈال، بھارت

## مسیحا

(صفحہ ۱ سے جاری)

ہوئے۔۔۔ اور خداوند نے ہم سب کی بدکاری اس پر لاد دی۔۔۔ اور میرے لوگوں کے گناہوں کے سبب اس پر مار پڑی۔۔۔ اور خداوند اسکی جان کو گناہ کی قربانی قرار دیتا ہے" (یسعیاہ ۵۳: ۱۰)۔ "وہ انکی بدکاریوں کا بوجھ اٹھائے گا۔۔۔ وہ بہت سوں کے گناہوں کا بوجھ اٹھائے گا۔"[1]

اس باب کی نمایاں سچائی مسیح کی انسانیت کے گناہوں کے خاطر کیلئے تکلیفیں اٹھانا ہیں۔ اس نادر باب میں صرف بارہ آیات ہیں، اسکے باوجود اس میں چودہ بار انسانیت کے گناہوں کے خاطر تکلیفیں اٹھانے کے عقیدے کو بیان کیا گیا ہے۔ پورا حصہ (یسعیاہ ۵۲: ۱۳-۵۳: ۱۲) اس خیال سے بھرا پڑا ہے، اور یہ معمہ اس وقت حل ہوا جب خداوند یسوع کو "ہمارے لئے گناہ کی علامت۔۔۔ بنایا" (۲ کرنتھیوں ۵: ۲۱) اور "ہمارے گناہوں کے لئے مرا" (۱ کرنتھیوں ۱۵: ۳)۔

خدا نے "ہم سب کی بدکاری اس پر لاد دی" (یسعیاہ ۵۳: ۶)۔ مسیحا خدا کا نجات دہندہ تھا جس پر قیامت کی شعلہ بردار شعاعیں گریں، جنھیں بنی نوع انسان پر گرنا تھا۔ یہ خدا کی کتنی مہربانی ہے جو اسنے ہمارے گناہوں کے لئے ربانی نجات دہندہ مسیح کی قربانی کے ذریعے ہم پر رحم کیا! یوں صلیب پر چڑھایا جانا، مسیح کی تذلیل کے باوجود یک دم اسکی بلند ترین توصیف بن گئی – کیونکہ یہ انسان کے لئے نجات پانے کا ذریعہ بن گئی۔

جب خداوند مسیح آیا، تو اسنے یہ نجات دہندہ کے بارے میں پیش گوئیاں صلیب پر اپنی کفارہ ادا کرنے کی موت سے پوری کر دیں۔ "وہ خود اپنے ہی بدن پر ہمارے گناہوں کا بوجھ لئے ہوئے صلیب پر چڑھ گیا" (۱ پطرس ۲: ۲۴)۔

(۱۰) مسیح اپنی رضامندی سے اور بغیر کسی شکوہ و نالش کے تکلیف برداشت کرے گا یسعیاہ ۵۳: ۷:

"وہ ستایا گیا اور زخمی ہوا، پھر بھی اس نے اپنا منہ نہ کھولا: وہ برہ کی طرح ذبح کرنے کے لئے لے جایا گیا، اور جسطرح ایک بھیڑ اپنے بال کترنے والوں کے سامنے خاموش رہتی ہے، اسی طرح اس نے بھی اپنا منہ نہ کھولا۔"

دوسرے تکلیف اٹھانے والے عام طور پر بڑبڑاتے ہیں یا شکوے و نالش کرتے ہیں، خصوصاً جب انکے ساتھ ناانصافی کا سلوک کیا جائے – مگر زیر تکلیف مسیح ایسا نہیں کرتا۔ اس نے رضاکارانہ طور پر اپنے آپ کو اس مقرر کردہ کام "ہمارے گناہوں کا بوجھ اٹھانے" کے سپرد کر دیا، اور ایک برہ کی طرح ذبح ہونے چلا گیا۔ انتہائی برتر اور بلند ہمت خاموشی میں مسیح انتہائی حد تک سب کچھ برداشت کرے گا، کیونکہ خداوند کی یہ مرضی ہے۔ یہاں ہم بے انتہا محبت کے ایک ناقابل فہم معمہ کا مشاہدہ کرتے ہیں۔

نئے عہد نامے میں، جب مسیح کو پیٹا جاتا ہے، غلط الزام لگایا جاتا ہے، برا سلوک کیا جاتا ہے، تمسخر اڑایا جاتا ہے، اسپر تھوکا جاتا ہے، تنگ کیا جاتا ہے، کوڑے لگائے جاتے ہیں اور صلیب پر چڑھایا جاتا ہے، تو وہاں کوئی غصہ کی آگ نہیں، کوئی اپنے جلادوں کے خلاف الزامات نہیں، کوئی باآواز شکوہ شکایات نہیں، صرف ایک دعا۔

اسکے خلاف بہت سی جھوٹی گواہیاں سننے کے بعد، بڑے کاہن نے کہا، "تیرے پاس اس الزام کا جواب ہے؟۔۔۔ مگر یسوع خاموش رہا" (متی ۲۶: ۵۹-۶۳)۔

یہاں یسوع کی وہ دعا ہے جو صلیب پر چڑھانے

[1] ربانی مصنف اس بات کو ناممکن بنا تا ہے کہ کوئی مسیح کے اس کفارہ کی تعلیم و تدریس کو جو اس نے ہمارے گناہوں کے خاطر دی اس راہ سے مٹا سکے، اور یہ بات بائبل کے اس باب میں بار بار مختلف طور پر پیش کی گئی ہے۔

## گھانا

عزیزی پاسٹر ٹونی،

اپنی کتاب "مسیحا" (The Messiah) اور خبر نامہ بھیجنے کا شکریہ۔ یہ مواد میری زندگی میں روحانی آگاہی اور خدا کے کاموں میں نیا جذبہ لے کر آیا ہے۔ کچھ خبر نامے میں نے ان مسیحی دوستوں کو دئیے جنکا ایمان کمزور ہوگیا تھا، اور جب میں ان سے ملا تو انہوں نے بڑی خوشی کا اظہار کیا کہ وہ سب اپنی روح میں دوبارہ زندہ ہوگئے تھے اور آپکے مراسلہ کو پڑھنے کے نتیجے میں اچھی زندگی بسر کررہے تھے۔ لوگ مراسلہ پڑھنے کے لئے بے چین رہتے ہیں، اسلئے ازراہ مہربانی تقریباً ۱۵۰ خبر نامے مجھے ارسال کردیں اور کچھ بائیبل نئے مذہب بدلنے والوں کے لئے جن کو اسکی ازحد ضرورت ہے۔ یہ سب کچھ بھیجنے کیلئے میں آپ کا بہت شکرگزار ہوں گا۔ خدا کے کلام کو سکھانے کا شکریہ جسے آپ نے اتنی وفاداری سے پیش کیا۔ خدائے قادر مطلق آپ کو برکت دیتا رہے۔ ایمان پہاڑوں کو ہلا دیتا ہے۔

مسیح میں آپکی بیٹی،

ٹی۔ او۔ — کماسی، گھانا



پاسٹر مائیک اوماؤسیگن نے اپنے چرچ کے چند ارکان کے ساتھ پاسٹر الاموکی روحوں کو جیتنے والی مطبوعات اور کنگ جیمس بائیبل (انگریزی زبان میں) کی کاپیز کو ٹونی الاموکریشچین منسٹریز سے وصول پایا۔ سلیجا، نائجیریا

کی صعوبت اور اذیت کے دوران دی تھی: "اے باپ! انہیں معاف کر کیونکہ یہ نہیں جانتے کہ کیا کر رہے ہیں" (لوقا ۲۳:۳۴)۔

یہ تمام طریقہ کار اتنا غیرمعمولی، قدرت اور انسانی تجربات کے اتنا متضاد ہے، کہ انسان کے پاس اس عجیب و غریب پیش گوئیوں اور اس سے بھی بڑھ کر انکی تکمیل پر حیران اور ششدر ہوجانے کے کوئی چارا نہیں۔

(۱۱) جب گرفتار کرکے اور مجرم قرار دے کے وہ اسے لے گئے، مسیح کا کوئی وکیل اسکے لئے فریاد کرنے والا نہ ہوگا، نہ اسکی بے گناہی کی گواہی دینے کے لئے کوئی دوست یسعیاہ ۵۳:۸:

"گرفتار کرکے اور مجرم قرار دے کر وہ اسے لے گئے۔ اور کون اس کی بے گناہی کی گواہی دے گا؟"

یہودیوں کے بااختیار رہنماؤں میں رواج تھا کہ وہ اس مقدمے میں جس میں موت کی سزا مل سکتی تھی انکو پکارتے تھے جو ملزم کی حمایت میں کچھ بھی جانتے ہوں کہ آگے آئیں اور اسکے لئے گواہی دیں۔ اس رواج پر یسوع ناصری کے مقدمے میں عمل نہیں ہوا، بلکہ یہودی رہنماؤں کے سامنے اسکے جلد باز، جعلی مقدمے کی تمام کاروائی انکے اپنے بنائے ہوئے اصولوں اور کی کھلی تردید اور تمام صحیح اور منصفانہ معیاروں کے خلاف تھی۔

یسوع کو اکیلا اور بغیر مدافعت کے ہی یہودیوں کی بدکردار مذہبی حکومت اور سرزمین پر اس وقت کی سب سے بڑی مشرک طاقت [رومی سلطنت] کے سامنے پیش ہونا تھا۔ اسکی طرفدای میں ایک بھی شخص نہیں آیا۔ یہودا نے اس سے غداری کی؛ پطرس نے اسکو جاننے سے انکار کیا؛ اور دوسرے شاگرد "اسے چھوڑ کر بھاگ نکلے" (متی ۲۶:۵۶)؛ اور جب وہ صلیب پر چڑھایا گیا تو بہت سی عورتیں جنھوں نے اسکی تبلیغ کے دوران اسکی مدد کی تھی، کھڑی "دور سے اسے دیکھ رہی تھیں" (متی ۲۷:۵۵)۔ بطورانسان، ان حالات کو دیکھتے ہوئے یہ کہا جا سکتا ہے، اس کی اس گھڑی کے دوران جب اسے سب سے زیادہ ضرورت تھی، ایک فرد واحد نے بھی اسکا ساتھ نہ دیا۔ سچ ہے، جب یہ تکلیف دہ گھڑی اسکے شل جسم کو خاموش کرکے گذر گئی تو

(صفحہ ۶ پر جاری)

## میکسیکو

قابل ستائش پاسٹر الامو،

آپکی مطبوعات جن میں بہت سے دلچسپ پیغامات اور دنیا کے مختلف علاقوں سے آئے ہوئے صداقت نامے ہیں ایسی جگہ بھی پہنچ گئے جہاں میں ہوں۔ بے شک، خدا آپکو قوت کے ساتھ استعمال کر رہا ہے تاکہ اسکا پیغام نجات ہر انسان تک پہنچایا جا سکے۔ میں ساڑھے سات (7.5) سال سے بھنگ کی ترسیل کے جرم میں جیل میں ہوں۔ یہاں پر پچھلے دو سال کے قیام کے دوران خدا نے خود کو میرے بدنصیب وجود پر واقعی ایک غیر معمولی طور پر آشکار کیا۔ مجھے اس سال رہا ہونے کی امید ہے، اور میں یہ جاننا چاہتا ہوں کہ کیا آپ مجھے اپنی کتاب "مسیحا" (The Messiah) اور دوسرا مواد جو میرے بیٹوں کی نجات میں مددگار ہو بھیج سکتے ہیں۔

ایم۔ اے۔ — مونکلووا، کواحوئیلا، میکسیکو

**چوبیس گھنٹے دعا اور معلومات کی لائن: (479) 782- 7370**

# مسیحا

(صفحہ ۵ سے جاری)

مریم، اسکی ماں، کچھ وفادار عورتیں اور اسکے محبوب شاگرد یوحنا، صلیب کے گرد "کھڑے ہوگئے"، لیکن اسکے مقدمے کے دوران اور اسکے مصلوب ہوتے وقت، وہ اکیلا چھوڑ دیا گیا تھا ـ بالکل اکیلا۔ دنیا کی تاریخ میں کبھی بھی کسی بھی شخص کو اسکے دوستوں اور چاہنے والوں نے اس طرح مکمل طور پر اکیلا نہیں چھوڑا گیا جس طرح یسوع کو چھوڑ دیا گیا تھا۔

یسوع کو باقائدہ سرکاری کارندوں نے گرفتار نہیں کیا، بلکہ بلوائیوں کے ہجوم نے۔ "بہت سے آدمی جو تلواریں اور لاٹھیاں لئے ہوئے تھے اور جنہیں سردارکاہنوں اور قوم کے بزرگوں نے بھیجا تھا" (متی ۲۶:۴۷)۔ حتیٰ کہ یسوع نے بھی جس نامعقول طریقے پر انہیں گرفتار کیا گیا تھا پر رائے زنی کی: "کیا میں کوئی ڈاکو ہوں کہ تم تلواریں اور لاٹھیاں لے کر مجھے پکڑنے آئے ہو؟ میں ہر روز ہیکل میں بیٹھ کر تعلیم دیا کرتا تھا، تب تو تم نے مجھے گرفتار نہیں کیا، لیکن یہ سب کچھ اس لئے ہوا کہ کلام پاک میں نبیوں کی لکھی ہوئی باتیں پوری ہو جائیں" (متی ۲۶:۵۵-۵۶)۔

جھوٹے گواہوں کو اسکے خلاف گواہی دینے کے لئے رشوت دی گئی تھی "جسکی بنا پر یسوع کو قتل کیا جا سکے" (متی ۲۶:۵۹)، اور اس پر رات کو مقدمہ چلایا گیا جو غیرقانونی تھا۔

روم کی عدالت میں جب پیلاطس نے اس پر الزام کو ٹھیک ثابت کرنے کے لئے کوئی وجہ جاننے کی ناکام کوشش کی، تو اسنے لوگوں سے پوچھا۔ "اس نے کیا برائی کی ہے؟" اس پر جو جواب اسے ملا وہ ہجوم کے بے بنیاد شوروغل کے علاوہ کچھ نہ تھا، جس پر انہیں انکے لیڈروں نے اکسایا تھا، "اسے صلیب دی جائے۔۔۔ اسے صلیب دی جائے" (متی ۲۷:۲۲-۲۳)۔ تب، جب پیلاطس نے دیکھا کہ دلائیل اور انصاف سے کچھ بن نہیں پڑتا بلکہ الٹا بدترین "بلوا" شروع ہونے کو ہے تو اسنے مجبوری کی وجہ سے اس معاملے سے اپنے ہاتھ دھوئے اور یسوع کو انکے حوالے کیا تاکہ وہ اسے مصلوب کریں (متی ۲۷:۲۲-۲۶)۔ تاریخ کے واقعات میں یہ نا انصافی کی بدترین مثال ہے۔

لیکن پیلاطس کی بے قصوری کی تصدیق صرف پیلاطس نے ہی نہیں کی "میں اسے مجرم ٹھہرانے کا کوئی سبب نہیں پاتا" (یوحنا ۱۹:۶)، بلکہ پرانے عہدنامے کے اس پیغمبر نے بھی جس نے مسیح کے بارے میں پیش گوئی کی: "حالانکہ نہ اس نے کبھی ظلم کیا نہ ہی اس کے منہ سے کوئی مکر کی بات نکلی" (یسعیاہ ۵۳:۹)۔

کتاب سے اقتباسات آئندہ خبرنامے میں جاری رہیں گے۔

# تنزانیہ

عزیزی پاسٹر الامو،

میرے پیارے اور خدا داد پاسٹر، آپ پر اور آپ کے چرچ پر باپ اور یسوع مسیح کی طرف سے قوت، شفقت اور امن نصیب ہو۔ میں خدا کا شکرگزار ہوں، جسکی خدمت میں ۱۹۹۴ سے کررہا ہوں، میں موسوما، تنزانیہ میں ایک مسیحی مبلغ ہوں۔ میں خدا کے کلام کو پورے ملک، بلکہ باہر بھی پھیلانے کے لئے کام کر رہا ہوں۔ اچھا تو، محترم پاسٹر میں نے آپکی آواز نہیں سنی نہ ہی آپکا چہرہ دیکھا ہے؛ لیکن آپکی مطبوعات کے ذریعے جو مجھے ملتے رہتے ہیں اور جن میں ولولہ انگیز پیغام جیسے "سوکھی ہڈیاں"، "مسیحا" اور "خدائی کھیت"، میں نے پڑھی ہیں جنہیں آپ، پاسٹر ٹونی الاموں، عظیم بین الاقوامی مبلغ نے لکھا ہے۔ ان مطبوعات کے ذریعے میں آپکے چرچ (جو کہ مسیح کے وجود کا ایک حصّہ ہے) کے حال اور مستقبل کی فکر کو جان اور سمجھ پایا ہوں۔ میں اور میرے رفقاء کار اور نئے مذہب بدلنے والے، جنھوں نے مسیح کو آپکی تحریروں کے ذریعے قبول فرمایا ہے، ہم نے ایک چرچ بنایا ہے، جسکا نام مسیح پریقین رکھنے والے لوگوں کا چرچ (Believer Community Church) رکھا ہے۔ ہم نجات کے پیغام کو مشرقی افریقہ میں پھیلانا چاہتے ہیں، خاص طور پر تنزانیہ میں، اور اسکو ترقی دینا اور دوردراز کے گاؤں تک لیجانا چاہتے ہیں۔ ہمیں آپ کی مدد کی ضرورت ہے، ازرہ کرم، پاسٹر صاحب۔ اگر آپ ہمیں لاؤڈ سپیکر، بجلی کا جنریٹر، اور اسکے ساتھ ساتھ نئے مذہب بدلنے والوں کے لئے بائبل اور ایسی تحریریں مہیا کریں جو نجات کے پیغنم کو پھیلانے میں ہماری مدد کرسکیں۔ اس کام پر خدا آپ کو بہت زیادہ اجر دے گا۔ خدا آپ کے چرچ کو برکت دے اور آپکی روحانی زندگی کو بڑھائے آپکے اچھے کاموں کے ہم دل سے معترف ہیں، اور آپکے مثبت جواب کے بے چینی سے منتظر۔

آپکے مسیحی بھائی،

او۔ ای۔ ایم۔ تانزانیہ، مشرقی افریقہ

# گھانا

پیارے اور مہربان پاسٹر،

میں اس بات پر بڑا خوش ہوا کہ آپ نے مجھے اپنا خبر نامہ بھیجا۔ پچھلے ہفتے مجھے آپکے مراسلوں کا پورا ڈبہ ملا۔ پیارے رب کے خدمت گار، لوگ ان مطبوعات کو پڑھ کر بہت مطمئین تھے۔ گاؤں میں ہمارے دوست، جنکو ہم ہمیشہ اپنے ساتھ شریک کرتے ہیں اور جن سے ہم عبادت کی مجلسوں میں ملتے ہیں؛ ان خبرناموں کو پڑھ کر بہت خوش تھے۔ ان خبرناموں میں موجود دوسرے لوگوں کے مراسلے پڑھ کر بہت سے لوگ کا ایمان بڑھ گیا۔ ہم چاہتے ہیں کہ آپ ہمیں مزید مسیحی مطبوعات بھیجنے کیلئے اپنی ڈاک کی فہرست میں شامل کرلیں۔ ہمیں بائبل کے کچھ نسخے، آپکی تحریریں چاہییں اور ہم آپکے چرچ سے تعلیم و تدریس حاصل کرنے پر بڑے خوش ہونگے۔ ہم آپکے لئے دعاگو ہیں، آپکے پیارے بیٹے سیون اور ان سب کیلئے جو آپکے ساتھ آپکے چرچ میں کام کرتے ہیں۔ خدا آپکو بے شمار اجر دے۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ ہمارے لئے دعا کیجئیے۔ دعا خدائے مطلق کے بہت طاقتور بازؤں کو حرکت دیتی ہے۔ دعا کے بغیر ہم آگے نہیں بڑھ سکتے۔ ازراہ کرم ہمارے ان نئے رضاکاروں کے لئے دعاکریں جو دوردراز گاؤں اور پہاڑوں پر نجات کا پیغام پھیلانے جاتے ہیں، ان کی ہمت اور ایمان اور محبت کی دعاکریں۔ ہمارے رب کی روح آپکی رہبر اور رہنما ہو۔ وہ آپکو کثیربرکتوں سے نوازے۔ ہم آپکی عمردرازی، امن اور خوش حالی کے لئے دعاگو ہیں۔

مسیح کی محبت میں آپ سے پیار کرتے ہوئے،

اے۔ ایس۔ اکرہ، گھانا

# سوکھی ہڈیاں

(صفحہ ۳ سے جاری)

تو میں نے محسوس کیا کہ وہی خدائی قوت میرے وجود میں اترتی جا رہی ہے جس کا ادراک مجھے بیورلی ہلز کے دفتر میں ہوا تھا۔ پھر خدا نے مجھے جنت اور جہنم کے دوسرے نظارے بذریعہ خواب بیداری دکھائے۔[۲۱] میں نے خدا سے التجا کی، "میرے مولا! مجھے جہنم میں مت ڈال!" پھر میں نے جنت کا مشاہدہ کیا اور وہاں کے سکون کا احساس کیا۔[۲۲] گو کہ میں روحانی طور پر اندھا، ننگا اور چھوٹا تھا، لیکن میں نے خدا سے کہا کہ اگر مجھے اس آسمانی سکون کا احساس دائمی طور پر حاصل ہو جائے تو میں ہمیشہ اندھا، ننگا اور بے وقعت رہنے پر اکتفا کر لونگا۔ میں نے جہنم کا نظارہ دوبارہ دیکھا اور خدا سے ایک بار پھر اس کے عفو و درگذر اور رحمتوں کے لئے گڑگڑانے لگا۔ پھر اس کے بعد باپ، بیٹے اور روح القدس کی قوت میرے فانی جسم میں داخل ہو گئی۔[۲۳] یسوع مسیح اور ان کے اس لہو میں یقین و ایمان نے جو انہوں نے میرے لئے بہایا، اور خدا کے اس کلام پر ایمان و یقین نے جو میں نے سنا اور بجا لایا،[۲۴] مجھے محسوس ہوا کہ جیسے میرے تمام کردہ گناہوں کا بوجھ میری روح سے ہٹ گیا ہو۔[۲۵] میں نے اپنے کو پاک و صاف اور خالص محسوس کیا۔[۲۶] کوئی انتہائی حیرت انگیز واقعہ میرے ساتھ رونما ہوا تھا اور یہ میرے لئے اس یسوع مسیح نے کیا تھا جو "اسرائیل کی مقدس شخصیت تھی۔"[۲۷] میں گناہوں سے نجات پاکر اور گناہوں سے باز رکھنے والی قوت پاکر اس قدر خوش تھا کہ چاہتا تھا کہ ساری دنیا کو اس واقعہ سے باخبر کردوں تاکہ وہ بھی خدا کو جان سکیں اور دوامی زندگی کے حاصل کر سکیں۔

مسیح کی خدمت میں اکتیس سال سے زائد عرصہ گزارنے کے بعد، آج بھی بائبل پڑھتے وقت مجھے ایسا محسوس ہوتا ہے گویا ان ہڈیوں میں جو کبھی خشک تھیں، آسمان سے روحانی گودا (مغز استخواں) اتر رہا ہے۔ جیسے خدا کے کلام نے ان سوکھی ہڈیوں کے گرد روحانی طاقت کے پٹھے چڑھا دئیے ہوں، اور ان پر روحانی گوشت پوست کا ایک حفاظتی غلاف چڑھا دیا ہو۔ کلام ربانی کے ہر لفظ نے مسیح پر یقین کامل کو میرے دل میں راسخ کر دیا تھا۔ آج بھی مجھے محسوس ہوتا ہے گویا کلام ربانی کا ہر لفظ میری روح

(صفحہ ۸ پر جاری)

**۲۱** اعمال ۷:۵۵-۵۶، لوقا ۱۶:۲۲-۳۱، مکاشفہ ۴:۱-۱۱، ۱۵:۱-۴، ۲۱:۲-۵، ۱۰-۲۷، ۲۲:۱-۵، یسعیاہ ۵:۱۴، ۱۴:۹، مکاشفہ ۱۴:۱۰-۱۱، ۲۰:۱۰ **۲۲** رومیوں ۵:۱، افسیون ۲:۱۴، فلپیون ۴:۷، کلسیوں ۳:۱۵، ۱ تھسلنیکیوں ۵:۲۳، ۲ تھسلنکیوں ۳:۱۶ **۲۳** ۲ کرنتھیوں ۶:۱۶، ۱ پطرس ۲:۵، احبار ۲۶:۱۱-۱۲، یوحنا ۱۴:۱۶، ۱ یوحنا ۳:۲۴

**۲۴** حبقوق ۲:۴، متی ۱۷:۲۰، لوقا ۷:۵۰، اعمال ۲۰:۲۱، ۲۶:۱۸، رومیوں ۱:۱۷، ۳:۲۸، ۵:۲، ۱۰:۱۷، ۱۱:۲۰، گلتیون ۲:۱۶، ۳:۱۱، افسیون ۲:۸، ۳:۱۷، عبرانیوں ۱۰:۳۸ **۲۵** مرقس ۱۴:۲۴، یوحنا ۶:۵۳، اعمال ۲۰:۲۸، رومیوں ۳:۲۵، ۵:۹، افسیون ۱:۷، ۲:۱۳، کلسیوں ۱:۱۴، ۲۰، عبرانیوں ۹:۱۲، ۱۴، ۲۲، ۱ پطرس ۱:۱۸-۱۹، مکاشفہ ۱:۵، ۵:۹ **۲۶** ۱ یوحنا ۱:۷، عبرانیوں ۱۰:۱۹-۲۲، مکاشفہ ۱:۵، ۷:۱۴ **۲۷** زبور ۸۹:۱۸، اعمال ۳:۱۳-۱۴

## ہماری ۲۴ گھنٹوں کی دعا اور معلوماتی لائین سے:

ڈی۔ آر۔ نے میک السٹر لائبریری، فلر تھیولوجیکل سیمینیری (بائبل کالج)، پاسادینا، کیلیفورنیا سے ٹیلیفون کیا اور کہا کہ اسے چند ایک خبرنامے زمین پر پڑے ملے اور اسنے انہیں پڑھا ہے۔ اسکا کہنا ہے کہ وہ وہ بہت پسند آئے اور وہ ڈاک کی فہرست میں شامل ہونے کی درخواست کر رہا ہے۔ اسکا کہنا ہے کہ وہ اس بات کو پسند کرے گا کہ ہم اسے ہر خبرنامہ اور باقی تمام مطبوعات جو پاسٹر الامو نے تحریر کیا ہے بھیجیں۔ اسکی خواہش ہے کہ اسے ہر وہ تحریر بھیجی جائے جو دستیاب ہوسکتی ہے۔ وہ پاسٹر الامو کی تمام مطبوعات کا مجموعہ رکھنا چاہتا ہے، تاکہ تحقیق کرنے والے اسکی لائبریری میں کلام خدا اور پاسٹر الامو کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے آئیں۔ وہ اس بارے میں بڑا گرم جوش ہے۔ وہ کہتا ہے کہ وہ کتابوں کی ایک پوری شیلف صرف پاسٹر الامو کی مطبوعات سے بھرنا چاہتا ہے۔ اسکا کہنا ہے کہ پاسٹر الامو حقیقت اسطرح بیان کرتا ہے جیسے یہ ہے۔

## نائجیریا

اعزیزی پاسٹر،

یسوع مسیح کے نام پر تسلیمات۔ آخری خبرنامے جو آپنے مجھے بھیجے تھے وہ تقسیم ہو چکے ہیں، اور میں ان تبدیلیوں کو جو یہ لوگوں کی زندگی میں لا رہے ہیں انپر حیران ہوں، اور وہ اپنے رب کو دل لگاکر خدمت کرنے کا اور آپکو لکھنے کا وعدہ کر رہے ہیں۔ میں "مسیحا" نام کی کتاب کی ۲۵ کاپیوں کی درخواست کرتا ہوں؛ اور ۱۵۰ عدد آپکے مختلف ناموں خبر کی، کچھ بائبلز کی اور دوسرے مواد کی جو مجھے نجات کے پیغام کی تقسیم میں مدد دیں اور میرے دوستوں، رشتہ داروں اور دوسرے دلچسپی رکھنے والے لوگوں کے لئے جو ہمارے رب یسوع مسیح کے بارے میں اور زیادہ جاننا چاہتے ہیں۔ میں واقعی نائجیریا میں آپکے چرچ کے لوگوں مں سے ایک ہونا چاہتا ہوں، میں جاننا چاہتا ہوں کہ اسکے لئے مجھے کیا کرنا پڑے گا۔ میں نے دیکھا ہے کہ خدا کا ہاتھ آپکی زندگی اور چرچ کے اوپر ہے، اور میں اس فضل و کرم میں شامل ہونا چاہتا ہوں جو آپکی زندگی اور چرچ پر ہیں۔ آپکے جواب اور ترسیل کی امید کے ساتھ انتظار کرتے ہوئے۔

آپکا مسیحی ساتھی،

آر۔ ایم۔ پورٹ ھاکورٹ، نائجیریا

## زامبیا

عزیزم پاسٹر ٹونی الامو،

آپکو یہ خط لکھنے میں مجھے بڑی خوشی ہو رہی ہے۔ آپکا کیا حال ہے، پاسٹر صاحب؟ خدائے مطلق کے کرم سے، امید ہے، آپ بخیریت ہونگے۔ میں نے آپکا عالمی خبرنامہ پڑھا، "رہنما اور بناوٹ" (Leaders & Fables)، خدا کی اجازت سے میں معجزانہ طور پر اس مراسلہ کو دیکھ پایا۔ اس کو پڑھنے کے بعد، میں بہت مستفید ہوا اور آپکو لکھنے کا خواہشمند ہوا۔ اس ولولہ انگیز پیغام کو ان گمشدہ اور غیر مسیحی لوگوں تک پہنچانے کیلئے تاکہ انکی زندگی میں مسیح کا روپ ابھر سکے; میں آپکا شکریہ ادا کر تی ہوں۔ آپکی تحریروں کے ذریعے، بہت سے لوگوں کی مسیح تک رسائی ہوئی ہے اور شیطان سے نجات ملی ہے۔ خدا آپکو معاشی، جسمانی اور روحانی طور پر برکت عطا فرمائے۔

پاسٹر، میں ایک جوان عورت ہوں جسکی شادی پانچ سال پہلے ہوئی تھی۔ میں نے دو سال پہلے اپنی زندگی یسوع مسیح کو دے دی تھی، اور رب مجھ پر مہربان ہوا۔ مجھے یہ احساس ہوا کہ مجھے دوسروں کو نجات کے پیغام کی تبلیغ کرنی چاہیئے کیونکہ اس ہی میں یسوع مسیح کا سچ ہے۔ کیونکہ عورت کی حیثیت سے، رسمی وھمی باتوں کی وجہ سے افریقہ میں ہم صدیوں سے زیر زنجیر رہیں ہیں، اسلئے میں واقعی یہ چاہتی ہوں کہ اپنے آپ کو رب کے حوالے کردوں۔ پاسٹر، میں آپ سے بائبل، کتابچوں اور رسالوں، خدا کے پیغام کی ٹیپوں، اور دوسری تحریروں کی درخواست کررہی ہوں جو مجھے بھٹکی ہوئی روحوں تک پہنچنے اور انکو نجات کا پیغام پہنچانے میں مدد دے سکے۔ آخر میں، مجھے یہ درخواست کرنی ہے کہ مجھے انجیل کے مطالعہ کے لئے مواد اور گانوں کے ٹیپ ارسال کریں۔

آپکی ایک مسیحی بہن،

ایل۔ ایم۔ اسوکا، زامبیا

# سوکھی ہڈیاں

(صفحہ ۷ سے جاری)

میں روح القدس کا تنفس پھونک رہا ہو اور قوت عطا کر رہا ہو تاکہ میں کھڑا ہو سکوں اور شیطان کے ان تمام آتشیں نیزوں سے اپنے کو محفوظ رکھ سکوں جو اس نے گذرے سالوں پر میری طرف پھنکے ہیں۔ ہر روز میرے اس بات کے ادراک میں اضافہ ہوتا ہے کہ ہم لوگوں کی حیثیت یسوع مسیح کی ذات کا حصہ ہوتے ہوئے "فاتحین سے زیادہ ہے"[28] اور ہم لوگ اس کی ذات میں ہی "مکمل ہوتے ہیں۔"[29] اور میں یہ بھی جانتا ہوں کہ یسوع مسیح کے ہر لفظ کی اطاعت کس قدر اہم ہے۔ اس نے آسمان میں جانے سے چند لمحے قبل کہا تھا، "تم دنیا کے گوشے گوشے میں جاؤ اور ہر انسان تک کلام ربانی پہنچا دو۔"[30] (ہر خشک ہڈی تک پیغام ربانی پہنچا دو جو روحانی طور پر مردہ ہو چکی ہے تاکہ وہ "خدا کے کلام کو سن"[31] سکے)۔ "وہ جو ایمان لایا اور جس نے بپتسمہ لیا، اسے نجات ملی اور جو ایمان نہیں لایا وہ مردود و ملعون ہوا۔"[32]

اگر آپ میری طرح ہیں اور مردود ہونے کے بجائے نجات چاہتے ہیں تو خدا سے یہ دعا مانگیں:

**۲۸** رومیوں ۸:۳۷، ۱ یوحنا ۴:۳-۴ **۲۹** کلسیوں ۲:۱۰ **۳۰** مرقس ۱۶:۱۵، لوقا ۱۴:۲۳ **۳۱** حزقی ایل ۳۷:۴، ۲ سلاطین ۲۰:۱۶، یسعیاہ ۱:۱۰، یرمیاہ ۲:۴ **۳۲** مرقس ۱۶:۱۶، ۲ تھسلنیکیوں ۲:۱۲

## دعا

میرے یسوع مسیح اور میرے خدا، میری گناہگار روح پر رحم کر[1] میرا ایمان ہے کہ یسوع مسیح خدائے زندہ کے بیٹے ہیں۔[2] میرا ایمان ہے کہ صلیب پر ان کی وفات ہوگئی تھی اور انہوں نے میرے گناہوں کو بخشوانے کے لئے اپنا مقدس خون بہایا۔[3] میرا ایمان ہے کہ خدا نے یسوع کو پاک روح کی قوت کے ذریعہ مردے سے زندہ کیا[4] اور یہ کہ وہ ابھی خدا کے دائیں جانب بیٹھے ہیں، اور میرے اعتراف گناہ اور اس دعا کو سن رہے ہیں۔[5] خداوند یسوع مسیح، میں نے اپنے دل کے دروازے کھول دیے ہیں اور آپ کو اپنے دل میں آنے کی دعوت دیتا ہوں۔[6] میرے تمام گناہوں کو اپنے قیمتی خون سے دھو دیں جو آپ نے میرے لئے کلوری میں صلیب پر بہایا ہے۔[7] خداوند یسوع مسیح آپ مجھے خالی ہاتھ نہیں لوٹا سکتے، آپ میرے گناہوں کو معاف کریں گے اور میری روح کو بچائیں گے۔ میں جانتا ہوں کیونکہ آپ کے کلام، بائبل میں ایسا ہی کہا گیا ہے۔[8] آپ کا کلام کہتا ہے کہ آپ کسی کو مایوس نہیں کرتے، اور اس میں میں بھی شامل ہوں۔[9] لہذا، مجھے معلوم ہے کہ آپ نے میری التجا سن لی ہے، اور مجھے معلوم ہے کہ آپ نے مجھے جواب دیا ہے، اور میں جانتا ہوں کہ مجھے بچا لیا گیا ہے۔[10] اور خداوند یسوع مسیح، میں اپنی روح کی حفاظت کے لئے، آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں، اور میں اپنی شکر گزاری کا اظہار آپ کے احکامات پر چل کر اور مزید گناہوں سے بچ کر کروں گا۔[11]

**۱** زبور ۵۱:۵، رومیوں ۳:۱۰-۱۲، ۲۳ **۲** متی ۲۶:۶۳-۶۴، ۲۷:۵۴، لوقا ۱:۳۰-۳۳، یوحنا ۹:۳۵-۳۷، رومیوں ۱:۳-۴ **۳** اعمال ۴:۱۲، ۲۰:۲۸، رومیوں ۳:۲۵، ۱ یوحنا ۱:۷، مکاشفہ ۵:۹ **۴** زبور ۱۶:۹-۱۰، متی ۲۸:۵-۷، مرقس ۱۶:۹، ۱۲، ۱۴، یوحنا ۲:۱۹، ۲۱، ۱۰:۱۷-۱۸، ۱۱:۲۵، اعمال ۲:۲۴، ۳:۱۵، رومیوں ۸:۱۱، ۱ کرنتھیوں ۱۵:۳-۷ **۵** لوقا ۲۲:۶۹، اعمال ۲:۲۵-۳۶، عبرانیوں ۱۰:۱۲-۱۳ **۶** ۱ کرنتھیوں ۳:۱۶، مکاشفہ ۳:۲۰ **۷** افسیوں ۲:۱۳-۲۲، عبرانیوں ۹:۲۲، ۱۳:۱۲، ۲۰-۲۱، ۱ یوحنا ۱:۷، مکاشفہ ۱:۵، ۷:۱۴ **۸** متی ۲۶:۲۸، اعمال ۲:۲۱، ۴:۱۲، افسیوں ۱:۷، کلسیوں ۱:۱۴ **۹** متی ۲۱:۲۲، یوحنا ۶:۳۵، ۳۷-۴۰، رومیوں ۱۰:۱۳ **۱۰** عبرانیوں ۱۱:۶ **۱۱** یوحنا ۵:۱۴، ۸:۱۱، رومیوں ۶:۴، ۱ کرنتھیوں ۱۵:۱۰، مکاشفہ ۷:۱۴، ۲۲:۱۴

آپ نے ابھی ان پانچ اقدامات میں سے صرف ایک قدم بڑھایا ہے، جو نجات حاصل کرنے کے لئے ضروری ہیں۔ آپ کا دوسرا قدم خود کی نفی کرنا اور اپنی نفس کشی کے لئے ہر دن صلیب اٹھانا ہے، یہ ایک طرح سے، اپنی مرضی، خود غرض خواہشات اور دنیا کی تمام ہوس کو موت سے ہم کنار کرنا ہے۔ جس طرح یسوع مسیح کو موت کے گھاٹ اتارا گیا، اس ہی طرح یہ ضروری ہے کہ نجات حاصل کرنے کے لئے ہم اپنی تمام دنیاوی خواہشات کو مار دیں۔ ان تمام کو مسیح کی موت میں بپتسمہ دے دیں

تیسرا قدم آدم کی شیطانی زندگی سے خود کو نکال کر یسوع کی گناہ سے پاک زندگی کی طرف آنا ہے۔ چوتھا قدم زمین پر خدا کی جانب سے آپ کو حکومت کے اختیار کا مقام حاصل ہونا ہے، اور پانچواں قدم آخر وقت تک زمین پر بہشت کی سلطنت قائم کرنے کے لئے یہاں خدا کی جانب سے حکومت کرنا ہے۔ آپ کو خدا کے کلام [بائبل] کو یاد کرنا اور سیکھنا چاہیئے، پھر خود کو وقف کر دیں اور جو کچھ بائبل میں کہا گیا ہے اس پر عمل کریں، تاکہ چرچ اور دنیا آپ کو خدا کے کلام، اس کے احکامات کی اطاعت ایک منظم طریقے سے کرتا دیکھ لیں۔

خدا کا شکر ادا کریں۔ خدا آپ کو پوری طرح اپنی مہربانیوں کے سائے میں رکھے۔

پاسٹر ٹونی الامو

پادری ٹونی الامو کی ریڈیو نشریات ریاستہائے متحدہ، کینیڈا، اور پوری دنیا میں سنی جا سکتی ہیں۔ اپنے علاقے کے ایسے ریڈیو اسٹیشن سے متعلق معلومات حاصل کرنے کے لئے جس پر پادری ٹونی الامو کو سنا جا سکتا ہے، ہمیں info@alamoministries.com پر ای میل کریں یا 479-782-7370 پر فون کریں۔ www.alamoministries.com پر، ٹونی الامو کی ویب سائٹ دیکھیں یا www.wmqm1600.com پر ان کے پیغامات سنیں۔ بھٹکی ہوئی روحوں کو یسوع مسیح کے ذریعے نجات دلائیں۔ پاسٹر ٹونی الامو کی بائبل کی تعلیمات سے متعلق مطبوعہ مواد اور کیسٹوں کے تقسیم کار بنیں۔ معلومات کے لئے ہمیں info@alamoministries.com پر ای میل کریں یا 479-782-7406 پر اپنی درخواست فیکس کریں۔

**Tony Alamo, World Pastor, Tony Alamo Christian Ministries Worldwide • P.O. Box 6467 • Texarkana, Texas 75505 USA**

**چوبیس گھنٹے دعا اور معلومات کی لائن: (479) 782-7370 • فیکس (479) 782-7406**

**www.alamoministries.com**

ٹونی الامو مسیحی چرچ ایسے لوگوں کو تمام ضروریات زندگی کے ساتھ رہنے کے لئے جگہ فراہم کرتا ہے جو واقعی اپنے دل، روح، دماغ، اور مکمل توانائی کے ساتھ یسوع مسیح کی خدمت کرنا چاہتے ہیں۔

**درج ذیل مقامات پر ہر شام 8 بجے اور اتوار کو سہ پہر 3 بجے اور شام 8 بجے سروس منعقد کی جاتی ہے:**

**لاس اینجلس کے علاقے کے چرچ: 13136 Sierra Hwy., Canyon Country, California 91390**

**4401 Windsor Dr., Fort Smith, Arkansas 72904**

**سروس کا انعقاد الزبتھ، نیو جرسی اور ٹیکسارکانا، ارکنساس کے جنوب میں، پندرہ منٹ کی دوری پر، بھی کیا جاتا ہے۔**

**مقامات کی معلومات کے لیئے ہم کو فون کریں۔ ہر سروس کے بعد کھانا پیش کیا جاتا ہے۔**

**درج ذیل مقام پر سروس کے لئے آنے اور جانے کے لئے مفت سواری فراہم کی جاتی ہے:**

**ہالی ووڈ بولیوارڈ اور ہائی لینڈ ایونیو، کے کونے پر ہالی ووڈ، کیلیفورنیا، روزانہ شام 6:30 بجے، اتوار دوپہر 1:30 بجے اور شام 6:30 بجے۔**

**پاسٹر الامو کی کتاب "مسیحا" طلب کریں جس میں مسیح کے آنے سے متعلق قدیم عہد نامے کی تین سو ۳۳۳ تینتس پیش گوئیوں کو بیان کیا گیا ہے۔ پیغامات کیسٹ کی شکل میں بھی دستیاب ہیں۔**

**یہ مطبوعہ مواد نجات کا حقیقی منصوبہ فراہم کرتا ہے (رسولوں کے اعمال ۴:۱۲)۔ اسے ادھر ادھر نہ پھینکیں، بلکہ کسی دوسرے کو دیں۔**

**پاسٹر ٹونی الامو کا یہ مواد برائے فروخت نہیں ہے اور یہ بالکل مفت مہیا کیا جاتا ہے۔**

**اگر کوئی اس مواد کے لئے آپ سے رقم وصول کرنا چاہے تو براہ کرم ہمیں اس نمبر پر رابطہ کریں: (479) 782-7370۔**

**آپ میں سے جو لوگ دوسرے ممالک میں ہیں، انہیں اس مواد کو اپنی مادری زبان میں ترجمہ کروانے کی ترغیب دی جاتی ہے۔**

**اگر آپ اسے دوبارہ چھاپ رہے ہیں تو، براہ کرم اس کاپی رائٹ اور رجسٹریشن کو اس میں شامل کریں:**

© کاپی رائٹ نومبر ۱۹۹۵، ۲۰۰۶ تمام حقوق بحق ورلڈ پاسٹر ٹونی الامو محفوظ ہیں ® رجسٹر شدہ نومبر ۱۹۹۵، ۲۰۰۶